RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور ادام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۹	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ یکم جمادی الاول سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق یکم مئی سنہ ۱۹۱۱ء	جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	ممانعت آمد و رفت بلا لالٹین بعد گیارہ بجے شب	۱ و ۲
۲	نسبت تلوار گم شدہ	۲
۳	رخصت نائب مہتمم کنول خانہ	״
۴	انتظام عہدہ کوتوالی شہر	۳
۵	انتظام محرری مویشی خانہ کچہری	״
۶	نقشہ حیات و ممات و نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور ادام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۰؍ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب ریونیو سکرٹری بہادر مشمولہ رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس باستدعاء ممانعت عام آمد و رفت چلنے پھرنے کی بعد گیارہ بجے شب بغیر لالٹین - و منادی بآواز دہل بغرض اطلاع عام و بحالت خلاف ورزی کارروائی ضابطہ پولیس بنظر انسداد سارقان و بدمعاشان نمبرہ -

حکم ہوا کہ

ہستند جاریہ پولیس منظور ہے - احکام عام جاری ہون - اور درج گزٹ بھی ہو -

رپورٹ صاحب سپرنڈنٹ بہادر پولیس مشتہ برپورٹ انسپکٹر شہر

رپورٹ ہذا ملاحظہ ہوئی اس کارروائی سے کہ ملازمان فوج گیارہ بجے بعد جب کسی ضرورت سے گھر سے باہر نکلیں تو اُنکے پاس وردی کی کوئی چیز ہونا چاہیے تاکہ اُس سے ملازمت کی پہچان ہو سکے - ہمکو اسوجہ سے اتفاق نہین ہے کہ ممکن ہے بوجہ خراب ہو جانے لوازمۂ سرکاری کے ایسی اجازت نہ ہو سکے البتہ عام لوگ گیارہ بجے رات تک اپنی ضرورت سے شہر مین چلتے پھرتے ہین گیارہ بجے شب کے بعد جو شخص شہر مین چلتے پھرتے ہین وہ بوجہ خاص خاص ضرور تونکی ایسی حالت مین میری رائے مین گیارہ بجے رات کے بعد جو شخص عام اس سے کہ وہ عام مین سے ہو یا ملازمان سرکار سیف آثار کسی بھی ضرورت سے شہر مین چلے پھرے تو اُسکے پاس لالٹین ہونا چاہیے - اگر مجمع کے ساتھ چند لوگ ہون تو ایک لالٹین کافی ہے اور اگر صرف ایک شخص ہو تو بھی اُسکے پاس ایک لالٹین ہونا چاہیے - اور اگر اسکے خلاف کوئی شخص بلا لالٹین کے نکلیگا تو مشتبہ جرائم پیشہ کا مشتبہ ہوگا - اور ایسی حالت مین پولیس کارروائی ضابطہ کر سکے گی - یہ عمل انسداد جرائم کے واسطے غالباً مفید ثابت ہوگا اور جرائم پیشہ کو آزادی سے چلنے پھرنے کا موقع نہین ملیگا - اگر یہ کارروائی ہے اور میری رائے سے اجلاس اعلیٰ مین اتفاق فرمایا جاوے اور منظوری صادر ہو تو جملہ محکمجات اور نیز شہر مین ہر کوچہ و محلہ مین باواز دہل منادی کرانیکا انتظام کر دیا جائے - بلکہ علاوہ اس انتظام کے کچھ اشتہارات بھی طبع کرا کے ہر موقع پر اور گذرگاہون پر چسپان کرا دیے جاوین تاکہ ہر شخص اس انتظام سے واقف ہو جاوے اور اس حکم کی پابندی کرے کاغذ ہذا بغرض صدور حکم باجلاس اعلیٰ جناب صاحب ریونیو سکرٹری بہادر پیش ہو - یکم اپریل ۱۹۱۱ء -

حکم محکمۂ عالیہ دارالانشاء باجلاس بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۲ اپریل ۱۹۱۱ء

نظری رپورٹ صاحب ریونیو سکرٹری بہادر نمبری ۲۵۸۲ مورخہ ۲۱ اپریل ۱۹۱۱ء -

بمقدمہ درخواست اطلاع بھگوت سرن برادر شام سندر لال لائسنسدار مرحوم بنسبت گمشدگی تلوار برادر خود نمبری ۶۰۸۸ -

حکم ہوا کہ

تلوار اور لائسنس موسومہ شام سندر لال متوفی خارج ہون پولیس کو اطلاع دیجاوے اور تلوار کی بابت میر منشی دارالانشاء اشتہار گزٹ ریاست میں درج کرا دین کہ اگر ایک ماہ کے اندر داخل نہ ہوے تو مال مسروقہ شمار ہوگی دارندہ مذکور مرتکب جرم شمار ہوگا -

اشتہار

ایک قبضہ تلوار نمبری ۶۰۸۸ از ان شام سندر لال ولد موہن لال ساکن رامپور محلہ راجدوارہ لائسنسدار متوفی مکان لائسنسدار سے گم ہوگئی ہے - لہذا حسب منشاء حکم نمبری ۳۳۵۶ مرقومہ ۲۲ اپریل ۱۹۱۱ء اعلان کیا جاتا ہے کہ جسکے پاس تلوار ہو ایک ماہ کے اندر داخل سرکار

گروے ورنہ مال مسروقہ شمار ہو کر دارندہ مذکور مرتکب جرم شمار ہوگا۔ رپٹ گمشدگی تلوار مذکور پولیس میں درج ہے۔ فقط

مرقوم ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء العبد

بھگت بہاری لال میر منشی دارالانشا

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۲ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر مزید رخصت سہ ماہ عزیز احمد خان نائب منصرم گئوخانہ بوضع نصف تنخواہ بوجہ علالت منظور فرمائی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

تقرر

۲۶ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

اجلاس ہمایون حضور معلیٰ دام اقبالہم و ملکہم سے تقرر شرف الدین خان سب انسپکٹر انچارج افسر بعہدہ کوتوالی شہر منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

واقع ۲۵ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

خاص طور سے معلوم ہوا ہے کہ جیون رام محرر موشیخانہ کجھوریہ مشاہرہ دار آٹھ روپیہ ماہوار اکثر کام موشیخانہ دوسروں پر چھوڑ کر چلا جاتا ہے اور خود نہیں کرتا نقشہ ماہواری بھی دیر میں آتا ہے چند مرتبہ نقشہ جات کا ملاحظہ ہوا داخلہ مویشی اور آمدنی موشی خانہ کم پائی گئی جس سے پایا جاتا ہے کہ محرر کو سرکاری کام کی طرف کچھ توجہ نہیں ہے اور ملازمت سرکاری کی اسکو قدر نہیں ہے۔ چونکہ محرر مذکور کو کار سرکار کو لاپرواہی سے کرنا اور ٹھیک طور پر انجام نہ دینا بوجوہ مذکورہ بالا ثابت ہوتا ہے۔ لہذا بنظر انتظام کار سرکار

حکم ہوا کہ

جیون رام محرر موشیخانہ کجھوریہ برخاست کیا جائے کہ دیگر محرران کو عبرت ہو اور منور علی خان محرر موشیخانہ حوالی شہر بجائے نامبردہ محرری موشیخانہ کجھوریہ پر تعینات کیا جائے۔ اور صفدر علی خان عرف چھیلا خان اہلمد اجلاس ہذا مشاہرہ دار چھ روپیہ ماہوار باضافہ دو روپیہ ماہوار بجائے منور علی خان محرری موشیخانہ حوالی شہر تبدیل کیا جائے۔ اور بجائے صفدر علی خان اہلمد مذکور اجلاس ہذا میں مسمی حامد علی خان بمشاہرہ ۵ روپیہ ماہوار مقرر ہو احکام ضابطہ جاری ہوں۔

[illegible]

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا۔

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور سہ ماہی سن ابتدا جنوری ۱۹۱۱ء لغایت مارچ ۱۹۱۱ء

نام مقام	تفصیل پیدایش							تفصیل فوتی																	میزان از خانہ ۱۹ لغایت ۲۵	کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۳ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض								
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدن	دیگر درندہ جانوروں کے کاٹنے سے	طاعون		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۸۷	۳۲	۷۹	۱۰	۱۹۸	۱۶۶	۳۲	۱۱۴	۱۰۷	۱۳۶	۱۳۹	۴۱۳	۵۱۲	۶۶۴	۷۶۸	۱۰۹۰	۳۴۲	۰	۴۳	-	۳۱۲	۰	۱	۱۰۷۶	۱۴۳۲	
گنج	۷۶	۱۱	۵۱	۶	۱۴۴	۱۲۷	۱۷	۱۳۵	۱۲۰	۱۸۶	۱۹۵	۴۰۵	۶۶۱	۷۲۶	۹۷۶	۱۳۷۳	۳۲۹	-	۳۹	-	۱۸۸		-	۱۴۷۵	۱۷۰۲	
حوالی شہر	۶۳	۵۱	۴۹	۴۶	۲۰۹	۱۱۲	۹۷	۱۴	۸	۲۱	۱۷	۸۱	۸۲	۱۱۶	۱۰۷	۱۰۸	۱۱۵	۰	۰	۰	۱۲۳			۰	۲۲۳	
عظیم نگر	۷۰	۷۵	۸۴	۵۴	۲۸۳	۱۵۴	۱۲۹	۱۵	۱۳	۷	۵	۸۸	۵۸	۱۱۰	۷۶	۸۹	۹۷	-	-	۲	۱۸۳	۰		-	۱۸۶	
شاہ آباد	۵۷	۱۵۸	۵۵	۱۳۸	۴۰۸	۱۱۲	۲۹۶	۵۸	۴۶	۲۵	۲۷	۱۷۷	۱۲۷	۲۶۰	۲۰۰	۱۴۰	۳۲۰	-	۲	۳۶۳	-	-	-	۹۵	۴۶۰	
پٹوائی	۳۲	۱۵۱	۲۶	۹۰	۲۹۹	۱۸۳	۱۱۶	۲۲	۲۴	۹	۲	۱۹۳	۹۶	۲۲۴	۱۲۲	۵۸	۲۸۸	۲	۷	۰	۳۳۷	۰	۰	۰	۳۴۶	
ملک	۵۸	۲۵۳	۳۴	۱۴۲	۵۱۹	۹۲	۲۲۷	۵۴	۵۴	۳۷	۵۷	۲۰۹	۱۹۳	۳۰۰	۳۰۴	۱۴۴	۴۶۰	-	۲	-	۴۲۷	۰	۱	۱۷۴	۶۰۴	
بلاسپور	۵۴	۷۶	۵۶	۶۱	۲۴۷	۱۱۰	۱۳۷	۲۳	۲۳	۷	۸	۱۳۴	۹۵	۱۶۴	۱۲۶	۱۴۶	۱۴۴	-	۳	۰	۲۷۶	-	۰	۱۱	۲۹۰	
کیمری	۵۴	۹۶	۲۸	۶۶	۲۴۴	۸۲	۱۶۲	۹۱	۳۸	۱۳	۶	۱۱۵	۶۴	۱۸۹	۱۰۸	۱۱۱	۱۸۶	۰	۰	۲۹۳	-	۴	-	۰	۲۹۷	
سوار	۹۱	۷۰	۸۵	۶۱	۳۰۷	۱۷۶	۱۳۱	۴۲	۳۰	۷	۹	۹۹	۸۳	۱۴۸	۱۲۲	۱۵۳	۱۱۷	۰	۰	-	۲۵۸	۰	۰	۱۲	۲۷۰	
ٹانڈہ	۱۶۲	۹۳	۱۰۵	۸۴	۴۴۴	۲۶۷	۱۷۷	۵۱	۴۹	۳۱	۲۵	۱۹۲	۱۵۲	۲۷۴	۲۲۶	۳۱۰	۱۹۰	۰	۲	۰	۳۹۱	۰	۰	۱۰۷	۵۰۰	
میزان	۸۰۴	۱۰۵۶	۶۵۲	۸۹۰	۳۴۰۲	۱۵۸۱	۱۸۲۱	۵۸۹	۵۱۲	۴۷۹	۵۰۰	۲۱۰۴	۲۱۲۳	۳۱۴۵	۳۱۳۵	۳۶۹۲	۲۶۱۸	۲	۹۸	۶۵۸	۲۵۹۵	۵	۲	۲۹۵۰	۶۳۱۱	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۷ اپریل لغایتہ — سنہ ۱۹۱۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	•	•	•	•	چوردار ۱۳ سیر، سفید ۱۵ سیر	چوردار ۱۲ سیر، سفید ۱۳ سیر	دیگر تحصیلات سے نقشہ نرخنامہ نہیں آیا
نخود خالص	•	•	•	•	چوردار ۲۰ سیر، سفید ۲۳ سیر	۱۶ سیر	
نخود کسہ آمیزہ	•	•	•	•	۱۴ سیر	۲۱ سیر	
کسہ	•	•	•	•	۲۵ سیر	۲۲ سیر	
ماش	•	•	•	•	۱۰ سیر	۱۰ سیر	
مونگ	•	•	•	•	۱۱ سیر	۱۰ سیر	
مکا	•	•	•	•	۳۰ سیر	۲۲ سیر	
جئی	•	•	•	•	۳۰ سیر	۲۲ سیر	
گوجئی	•	•	•	•	۲۵ سیر	۱۶ سیر	
ارہر	•	•	•	•	۲۰ سیر	۲۰ سیر	
عدس	•	•	•	•	۲۰ سیر	۲۰ سیر	
برنج	•	•	•	•	باریک ۳ سیر، موٹے ۷ سیر	۷ سیر	
روغن زرد	•	•	•	•	[illegible] سیر	[illegible] سیر	
روغن سیاہ	•	•	•	•	[illegible] سیر	[illegible] سیر	
روغن کنجد	•	•	•	•	[illegible] سیر	•	
نمک سانبھر	•	•	•	•	۳۱ سیر	۳۱ سیر	
نمک لاہوری	•	•	•	•	•	۱۲ سیر	
قند سیاہ	•	•	•	•	۷ سیر	۷ سیر	
باجرہ	•	••	•	•	•	•	